**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS IX**

**ANNUAL EXAMINATIONS 2022**

**Pakistan Studies**

**Time: 1 hour 20 minutes Marks: 40**

Annual Examinations 2022 for Teaching & Learning Only

## ہدایات


1۔ ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

2۔ جوابات کے ورق پر جوابات دیجیے جو کہ علیحدہ مہیا کیا گیا ہے۔ اپنے جوابات، سوالات کے پرچے پر ہرگز نہ لکھیے۔

3۔ جوابات کے ورق پر 100 تک نمبر دیے گئے ہیں۔ آپ 1 سے 40 نمبر تک ہی جوابات دیجیے۔

4۔ ہر سوال کے چار انتخابات (options) D, C, B, A دیے گئے ہیں۔ ان میں سے **ایک** کو منتخب کیجیے۔ پھر جوابات کے صفحے میں متعلقہ دائرے کو پنسل سے بھر دیجیے جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔

**امیدوار کے دستخط**




5۔ اگر آپ اپنا جواب بدلنا چاہیں تو پہلے والے جواب کو مکمل طور پر ربڑ سے مٹا دیجیے پھر نئے دائرے کو بھریے۔

6۔ جوابات کے صفحے میں کچھ نہ لکھیے۔ کمپیوٹر صرف بھرے ہوئے دائروں کو ریکارڈ کرے گا۔

7۔ اِس پرچے میں موجود 40 کثیر الانتخابی سوالات (MCQs) کو کُل 50 نمبر کے متساوی کر کے امتحان میں حاصل کردہ نمبر اِس کے مطابق تسلیم کیے جائیں گے۔

1۔ برطانوی نقطۂ نظر کے مطابق تقسیمِ بنگال (1905) کیوں کی گئی تھی؟

A۔ ہندو مسلم اتحاد قائم کرنے کے لیے

B۔ ہندو قوم پرستی کی وکالت کے لیے

C۔ دو قومی نظریہ کو فروغ دینے کے لیے

D۔ موئثر طریقہ سے انتظامی امور سرانجام دینے کے لیے

2۔ 1906 میں شملہ وفد کے واقعے نے برِصغیر کے مسلمانوں کے تعلقات کس کے ساتھ بحال کیے؟

A۔ خطے کے تمام مسلمانوں کے ساتھ

B۔ خطے کے اقلیتی گروہ کے ساتھ

C۔ خطے کی ہندو آبادی کے ساتھ

D۔ خطے کی برطانوی حکومت کے ساتھ

3۔ آل انڈیا مسلم لیگ کی تشکیل کا مقصد ہندوستانی مسلمانوں کے کس کے ساتھ وفاداری کے احساس کو فروغ دینا تھا؟

A۔ مسلم حکم رانوں کے ساتھ

B۔ ہندو آبادی کے ساتھ

C۔ سرکاری عہدیداروں کے ساتھ

D۔ برِصغیر کی اقلیتوں کے ساتھ

4۔ برِصغیر کے مسلمانوں پر کانگریس کی حکم رانی 1939-1937 کا سب سے بڑا اثر یہ ہوا کہ مسلمانوں کو احساس ہوا کہ

A۔ متحدہ ہندوستان اب بھی ممکن ہے۔

B۔ انھیں صرف مسلمان نمائندوں کو منتخب کرنے کی ضرورت ہے۔

C۔ ہندو اکثریتی حکم ران اُن کے حقوق کا تحفظ نہیں کر سکیں گے۔

D۔ وفاقی حکومت کے ساتھ ساتھ صوبائی خود مختاری واحد ممکنہ حل ہے۔

Annual Examinations 2022 for Teaching & Learning only

5۔ ''میری خواہش یہ ہے کہ ہندوستان کے تمام مسلمان جمعہ 22 دسمبر کو 'یومِ نجات' اور شکرانے کے طور پر منائیں۔۔۔''

قائدِ اعظم نے یہ الفاظ کب کہے تھے؟

A۔ شملہ وفد 1906 کی کامیابی پر
B۔ 1939 میں تمام کانگریس کے حکم رانوں کے استعفیٰ دینے پر
C۔ قرار دادِ لاہور 1940 کی منظوری پر
D۔ آزادی ایکٹ 1947 کی تعمیل پر

6۔ ایک واقعہ سے متعلقہ درج ذیل نکات ملاحظہ کیجیے۔

- منٹو پارک میں اس جلسے کا انعقاد
- اندازاً ایک لاکھ لوگوں نے جلسے میں شرکت کی
- قائدِ اعظم محمد علی جناح نے اپنا تاریخی خطاب کیا

دی گئی معلومات کس واقعے سے متعلق ہیں؟

A۔ آل انڈیا مسلم لیگ کا سالانہ اجلاس 1930
B۔ قرار دادِ پاکستان 1940
C۔ شملہ کانفرنس 1945
D۔ آزادی ایکٹ 1947 کا اعلان

7۔ جنرل الیکشن 1937-1936 میں آل انڈیا مسلم لیگ کی حیثیت پنجاب میں کس پارٹی کے مضبوط ہونے کی وجہ سے کم زور تھی؟

A۔ انڈین نیشنل کانگریس
B۔ آزاد امیدواروں
C۔ یونینسٹ پارٹی
D۔ متحدہ پارٹی

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

8۔ قائدِ اعظم محمد علی جناح نے 1940 میں 'آزاد ریاست' کے مطالبے کا اعلان کیا۔

کس بنیادی وجہ کی بنا پر قائدِ اعظم کو یہ فیصلہ لینے میں زیادہ وقت لگا؟

A۔ وہ دوسری جنگِ عظیم کے خاتمے کا انتظار کر رہے تھے۔
B۔ وہ برطانوی حکم رانی کے خاتمے کے منتظر تھے۔
C۔ وہ تحریکِ آزادی کے لیے امداد جمع کر رہے تھے۔
D۔ وہ مسلمانوں کی اکثریت کا اعتماد چاہتے تھے۔

9۔ قراردادِ پاکستان 1940 نے ہندوستان کے مسلمانوں کی صورتِ حال کو بہتر انداز میں حل کرنے اور اپنے مطالبات کو برقرار رکھنے میں اہم کردار ادا کیا تھا۔

دی گئی صورتِ حال تب واضح ہوئی جب

A۔ باؤنڈری کمیشن سے کہا گیا کہ وہ حد بندی کرے۔
B۔ گاندھی نے برطانوی حکومت کے خلاف 'ہندوستان چھوڑدو تحریک' شروع کی۔
C۔ برطانوی حکومت نے گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ پیش کیا۔
D۔ نہرو اور جناح مذاکرات کے لیے بیٹھے۔

10۔ 'ہندوستان چھوڑدو تحریک' دوسری جنگِ عظیم کے حوالے سے برِ صغیر کے لوگوں کی طرف سے شروع کی گئی تھی۔

اس تحریک کا قیام کس کے استعمال کے خلاف عمل میں لایا گیا؟

A۔ ہندوستانی افرادی قوت
B۔ برِ صغیر کی زمین
C۔ ہندوستانی ہتھیاروں کی مہارت
D۔ برِ صغیر کے خوراک کے ذخائر

11۔ گاندھی جناح مذاکرات 1944 کا اختتام کیسے ہوا؟

A۔ برطانوی حکومت کا خاتمہ ہوا
B۔ تقسیمِ ہند کا احساس یقینی ہوا
C۔ انڈین نیشنل کانگریس کو کامیابی ملی
D۔ دونوں فریقین کے درمیان سمجھوتا ہوا

Annual Examinations 2022 for Teaching & Learning Only

12۔ انتخابات 1946-1945 کے نتائج میں فرق پیدا کرنے والا سب سے **اہم** عنصر کیا تھا؟

A۔ علی گڑھ کے طلبہ کا الیکشن میں بھرپور شرکت کرنا

B۔ گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ 1935 کا متعارف ہونا

C۔ آل انڈیا مسلم لیگ کی نشستوں کے لیے قائدین کو منتخب کرنا

D۔ جناح کی آل انڈیا مسلم لیگ کی صدارت کرنا

13۔ آل انڈیا مسلم لیگ نے کرپس مشن 1942 کی مخالفت کیوں کی؟

A۔ 'پاکستان' کا نام شامل نہ ہونے پر

B۔ مسلمانوں کو علیحدہ نمائندگی کا حق نہ دینے پر

C۔ مسلمانوں کی نمائندگی دس فی صد تک کم کرنے پر

D۔ برِصغیر سے چلے جانے کے بارے میں نہ بتانے پر

14۔ شملہ کانفرنس 1945 کا انعقاد کس کے منصوبے کے بارے میں بحث و مباحثہ کرنے کے لیے ہوا؟

A۔ وائسرائے ماؤنٹ بیٹن

B۔ کیبنٹ مشن

C۔ وائسرائے ویول

D۔ کرپس مشن

15۔ ''ہم یا تو ہندوستان کو آزاد کریں گے یا اس کوشش میں مر جائیں گے۔''

دیے گئے نعرے کی ابتدا کب ہوئی تھی؟

A۔ ہندوستان چھوڑدو تحریک 1942

B۔ گاندھی جناح مذاکرات 1944

C۔ شملہ کانفرنس 1945

D۔ کیبنٹ مشن 1946

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

16۔ باؤنڈری کمیشن کے فیصلے کی وجہ سے گرداس پور، جو کہ 52 فی صد مسلم آبادی پر مشتمل تھا، کو ہندوستان کے سپرد کر دیا گیا تھا۔

اِس فیصلے کے نتیجے میں وہ کون سا مسئلہ تھا، جو کہ ہندوستان اور پاکستان کے درمیان تناؤ کا باعث بنا؟

A۔ سرحدی تنازعہ
B۔ نہری پانی کا تنازعہ
C۔ دفاعی اثاثوں کی تقسیم کا مسئلہ
D۔ مالیاتی اثاثوں کی منتقلی کا مسئلہ

17۔ کلکتہ ایک صنعتی شہر تھا، جس میں مسلمانوں اور ہندوؤں کی آبادی کی کوئی واضح اکثریت نہیں تھی، البتہ یہ شہر مسلم اکثریت والے علاقوں سے گھرا ہوا تھا۔ اس کے باوجود اسے ہندوستان کے حوالے کر دیا گیا تھا۔

اس فیصلے کے نتیجے میں پاکستان کو سب سے **بڑا** کون سا مسئلہ در پیش ہوا؟

A۔ سیاست کا
B۔ دفاع کا
C۔ معیشت کا
D۔ انتظامیہ کا

18۔ پاکستان کی قومی زبان کا مسئلہ کب حل ہوا تھا؟

A۔ جب قائدِ اعظم نے 1948 میں اردو زبان کے واحد سرکاری زبان ہونے کا اعلان کیا
B۔ جب 1952 میں بنگالی زبان کے مشرقی پاکستان کی سرکاری زبان ہونے کا اعلان ہوا
C۔ جب 1956 کے آئین میں اردو اور بنگالی زبان، یعنی دونوں کے سرکاری زبان ہونے کی حیثیت سے اعلان ہوا
D۔ جب 1972 میں مشرقی پاکستان نے ایک آزاد ریاست ہونے کا باضابطہ اعلان کیا

19۔ درج ذیل میں سے کون سا اثر قرار دادِ پاکستان 1940 کی بنا پر **فوری** طور پر ہوا؟

A۔ تحریکِ آزادی کی رفتار میں تیزی سے اضافہ
B۔ مسلمانوں کے مالی حالات میں بہتری
C۔ برِ صغیر میں امن کا قیام
D۔ برطانوی حکومت کو مسلمانوں کے ساتھ امن معاہدے پر دستخط کرنے پر مجبور کرنا

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

20۔ سندھ طاس پانی تنازعہ کس صوبے کی تقسیم کی وجہ سے شروع ہوا؟

A۔ سندھ
B۔ پنجاب
C۔ بنگال
D۔ کشمیر

21۔ برِصغیر میں 1945-1946 کے عام انتخابات کے نتائج نے برطانوی حکومت کو کس چیز کا احساس دلایا؟

A۔ انڈین نیشنل کانگریس برِصغیر کی قیادت کر سکتی ہے
B۔ برِ صغیر کے لوگ برطانوی حکومت سے خوش ہیں
C۔ برِ صغیر سے برطانوی حکومت کے جانے کے بعد متحدہ ہندوستان کا قیام ممکن ہے
D۔ آل انڈیا مسلم لیگ ہندوستان کے مسلمانوں کے لیے واحد نمائندہ جماعت ہے

22۔ شملہ کانفرنس 1945 کی وہ کون سی شِق ہے جس کو آل انڈیا مسلم لیگ نے قبول نہیں کیا؟

A۔ جنگِ عظیم دوم کے اختتام پر دستور ساز اسمبلی قائم کی جائے گی
B۔ تمام محکموں کا اختیار ماسوائے دفاع کے ہندوستانی ممبران کے پاس رہے گا
C۔ ایگزیکٹیو کونسل میں مسلمان اور ذات پات والے ہندوؤں میں غیر مساوی نمائندگی ہوگی
D۔ ایگزیکٹیو کونسل کے تمام ممبران ہندوستانی ہوں گے ماسوائے وائسرائے اور کمانڈر ان چیف کے

23۔ 1952 میں پاکستان اور ہندوستان کے درمیان مہاجرین کی آمد کو باضابطہ بنانے کے لیے کون سی پالیسی متعارف کروائی گئی تھی؟

A۔ ویزا پالیسی (visa policy)
B۔ امیگریشن پالیسی (immigration policy)
C۔ سرحدوں کے تحفظ کی پالیسی
D۔ لوگوں کی حفاظت کی پالیسی

Annual Examinations 2022
Teaching & Learning Only

24۔ سندھ طاس معاہدے 1960 کے باوجود پاکستان کے لیے آج بھی نہری پانی کا مسئلہ کیوں موجود ہے؟

A۔ سیاسی عدم استحکام کی وجہ سے معاہدے کی بر وقت تجدید نہیں کی گئی ہے۔
B۔ ہندوستان نے معاہدے میں پیش کی جانے والی پابندیوں کو برقرار نہیں رکھا۔
C۔ یہ معاہدہ حکومت کی تبدیلی کے ساتھ دونوں ممالک میں نہیں اپنایا گیا ہے۔
D۔ پاکستان ڈیمز اور لنک کنال دیے گئے وقت میں تعمیر نہیں کر سکا ہے۔

25 وہ کون سے جنگلات ہیں جو کہ خاص طور پر پاکستان کے شمالی علاقوں میں پائے جاتے ہیں؟

A۔ کوہستانی جنگلات (thorn forests)
B۔ پہاڑی جنگلات (alpine forests)
C۔ دریائی جنگلات (riverine forests)
D۔ ساحلی جنگلات (mangroves forests)

26۔ پاکستان میں دریائی جنگلات (riverine forests) کن صوبوں میں پائے جاتے ہیں؟

A۔ سندھ اور پنجاب
B۔ سندھ اور بلوچستان
C۔ پنجاب اور خیبر پختون خواہ
D۔ بلوچستان اور خیبر پختون خواہ

27۔ قدرتی وسائل کسی بھی ملک کی معاشی ترقی میں کس طرح اہم کردار ادا کرتے ہیں؟

A۔ جنگلی جانوروں کے رہنے کی قدرتی جگہ فراہم کرتے ہیں
B۔ شہریوں کے لیے پُر فضا مقام بناتے ہیں
C۔ ماحولیاتی توازن قائم کرتے ہیں
D۔ صنعتی سرگرمیوں کے لیے خام مال کی فراہمی کرتے ہیں

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

28۔ پاکستان کے بہت سے علاقے پہاڑوں پر مشتمل ہیں، جس کی وجہ سے وہاں بجلی کی تاریں بچھانا مشکل ہے ۔

اس مسئلے کا سب سے بہترین حل یہ ہے کہ حکومت چھوٹے

A۔ تھرمل یونٹ بنائے۔

B۔ پانی پر مبنی منصوبے بنائے۔

C۔ نیوکلیر پاور پلانٹ لگائے۔

D۔ قدرتی گیس کی کان کے منصوبے شروع کرے۔

29۔ قدرتی گیس کو بہ طورِ خام مال کس صنعت میں استعمال کیا جاسکتا ہے ؟

A۔ مواصلات

B۔ الیکٹرانکس

C۔ کھاد

D۔ سیمنٹ

30۔ اگر پاکستان بجلی کی پیداوار کے لیے اپنا انحصار درآمدی تیل سے کم کرکے پانی کے ذریعے بننے والی بجلی پر بڑھائے تو اس کا پاکستان کو کیا فائدہ پہنچے گا؟

A۔ زیادہ تعداد میں ڈیموں کی تعمیر ہوگی

B۔ پانی کی آلودگی نہیں ہوگی

C۔ بجلی سستی اور لاگت کے لحاظ سے موٴثر ہوگی

D۔ بجلی کے تعطل کے وقت اس سے متبادل بجلی حاصل ہوگی

31۔ پاکستان میں سولر پینلز کے مقابلے میں پن چکی (wind turbines) سے بجلی کی فراہمی نسبتاً کیوں مشکل ہے ؟

A۔ پن چکی کے لیے موزوں ماحول پورے ملک میں موجود نہیں ہے۔

B۔ پن چکی میں استعمال کی جانے والی ٹیکنالوجی پاکستان میں میسر نہیں جس کی وجہ سے درآمدی بل میں اضافہ ہوتا ہے۔

C۔ پن چکی بڑے رقبے میں ہی لگائی جاسکتی ہے، لہٰذا بڑھتی ہوئی آبادی میں اِس کا لگنا مشکل ہے۔

D۔ پن چکی کے لیے کثیر تعداد میں تکنیکی ماہرین کی ضرورت ہوتی ہے، جن کا پورے ملک میں فقدان ہے ۔





Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

32۔ پاکستان کی بنیادی نقدی فصل (cash crop) کون سی ہے؟

A۔ چاول
B۔ گندم
C۔ کپاس
D۔ تمباکو

33۔ دی گئی تصویر کون سی کاشت کاری کو ظاہر کرتی ہے؟



A۔ گزر بسر کے لیے کی گئی کاشت کاری
B۔ تجارت کے لیے کی گئی کاشت کاری
C۔ نقدی فصل اور گزر بسر کے لیے کی گئی کاشت کاری
D۔ نقدی فصل اور تجارت کے لیے کی گئی کاشت کاری

34۔ دریائے سندھ کے اوپری ہموار زمین میں ایک کسان کے پاس 2 ایکڑ زمین ہے۔ یہ زمین میٹھے پانی کے نزدیک ہے۔ اس کی زمین پر ٹیوب ویل بھی موجود ہیں اور وہاں گرمیوں میں بارشیں بھی کافی ہوتی ہیں۔ گرمیوں میں وہاں کا درجۂ حرارت تقریباً 35°C ہوتا ہے۔ اس علاقے میں دوسرے گاؤں بھی موجود ہیں اور وہاں پر زراعت پر مبنی صنعتوں کے ساتھ ساتھ سڑکوں کا جال بھی بچھا ہوا ہے۔

دی گئی صورتِ حال میں وہ کون سے قدرتی وسائل ہیں جو کہ کسان کے لیے فصل اگانے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں؟

A۔ زمینی خدوخال اور بارشیں
B۔ زمین کی حدودِ اربع اور سڑکوں کا جال
C۔ گاؤں اور صنعتوں کی موجودگی
D۔ علاقے کا درجۂ حرارت اور ٹیوب ویل کی موجودگی

Annual Examin 2022 Teaching & Lea

35۔ مویشیوں کا ایک فارم ایسی وادی میں قائم ہے جہاں قدرتی چراگاہیں موجود ہیں۔ جانوروں کی دیکھ بھال وہاں کا رہنے والا ایک خاندان خود کرتا ہے اور انھیں نزدیک میں موجود چراگاہوں میں لے کر جاتا ہے ۔ جانوروں کی افزائشِ نسل کے لیے دوسرے خاندان کے جانور استعمال کیے جاتے ہیں اور دودھ وغیرہ یہ خاندان اپنی روز مرہ ضروریات کے لیے استعمال کرتا ہے ۔

دی گئی صورتِ حال میں کس طرح کے جانوروں کی افزائش ہو سکتی ہے ؟

A۔ بکریاں
B۔ بطخیں
C۔ گھوڑے
D۔ مرغیاں

36۔ وہ کون سی خصوصیت ہے جو کہ مچھلیوں کا فارم بنانے کے لیے مدِّنظر رکھنا نہایت ضروری ہے جس کے بغیر اِس کی بقا ممکن نہیں ؟

A۔ فارم مربع شکل کا ہو
B۔ فارم دریا کے نزدیک ہو
C۔ اُس کے آس پاس درخت ہوں
D۔ وہاں تک رسائی کے لیے سڑکیں اور ریل گاڑی موجود ہو

37۔ ایک خاندان ایک ایکڑ کی زرعی زمین کا مالک تھا۔ والد کے انتقال کے بعد زمین چار بیٹوں میں تقسیم ہوگئی ۔ جیسے جیسے وقت گزرتا گیا وہ زمین مزید وارثوں میں تقسیم ہوتی گئی ۔ باوجود اس کے کہ اس زمین پر مختلف کاشت کاری کے طریقے کار اور مشینیں استعمال کی گئیں، مگر اُس زمین کی پیداوار میں خاطر خواہ کمی ہوئی ۔

دی گئی صورتِ حال میں کاشت کاری کے حوالے سے کس مسئلے کی نشان دہی کی گئی ہے ؟

A۔ روایتی کاشت کاری کے طریقے
B۔ زمین کی تقسیم
C۔ مشینوں کا استعمال
D۔ مزدوروں کی کمی

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

38۔ حمزہ کی زمین سیم کا شکار تھی۔ جیسے جیسے پانی بخارات میں تبدیل ہو گیا اُس زمین پر سفید دھبے پڑنا شروع ہو گئے۔ نتیجتاً یہ زمین اب کاشت کاری کے لیے ناموزوں ہے۔

کس طریقے پر عمل کر کے حمزہ مذکورہ بالا مسئلے کو حل کر سکتا ہے؟

A۔ ٹیوب ویل لگا کر
B۔ زیادہ پیداوار والے بیج بو کر
C۔ دوامی نہروں (perennial canal) کی مرمت کر کے
D۔ زمین پر چونے کا استعمال کر کے

39۔ دی گئی خصوصیات کو پڑھیے۔

- آب پاشی کے لیے پانی کی ذخیرہ اندوزی کرتا ہے
- سیلاب کی روک تھام کے لیے اہم ہے
- پانی سے بجلی کی پیداوار کرتا ہے
- صنعتی اور گھریلو استعمال کے لیے پانی کی فراہمی کرتا ہے

دیے گئے نکات آب پاشی کے کون سے نظام کی نشان دہی کرتے ہیں؟

A۔ ڈیم
B۔ بیراج
C۔ رہٹ (Persian wheel)
D۔ سیلابی نہریں (inundation canal)

40۔ درج ذیل تمام بیراج دریائے سندھ پر تعمیر کیے گئے ہیں، **ماسوائے**

A۔ گڈو بیراج۔
B۔ سکھر بیراج۔
C۔ چشمہ بیراج۔
D۔ سلیمانکی بیراج۔

اختتام

Annual Examinations 2022 for Teaching & Learning only

# Please use this page for rough work

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

# Please use this page for rough work

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

# Please use this page for rough work

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

# Please use this page for rough work

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only